فوری ریلیز کے لیے: 12/6/2023 **_KATHY HOCHUL گورنر_**

گورنر HOCHUL نےمعدنی ایندھن کی کھپت کو کم کرنے کے لیے $10 ملین لاگت کے تجارتی اور صنعتی تیزرفتار کارکردگی والے پروگرام کا اعلان کیا ہے

2025 تک مکمل اور فعال ہونے کے لیے مجوزہ اہل پروجیکٹس کے لیے فی پروجیکٹ $5 ملین تک دستیاب بنائے جائیں گے

اس پروگرام سے 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراجوں کو 85 فیصد تک کم کرنے کے لیے معروف ماحولیاتی قومی اہداف کی جانب پیش رفت کو تیز تر کیا جائے گا

یہ پروگرام اس بات کو یقینی بنانے میں معاونت دیتا ہے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاری کے کم از کم 35 فیصد فوائد پسماندہ کمیونٹیز کو دیئے جائیں گے

گورنر Kathy Hochul نے آج $10 ملین کی لاگت سے تجارتی اور صنعتی تیز رفتار کارکردگی والے پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ یہ پروگرام توانائی کی بچت اور برق کاری کی کارروائیونکے ذریعے معدنی ایندھن کی موقع پر کھپت کو کم کرنے کی کوششوں میں بڑی توانائی والے جامع اداروں کی معاونت کرتا ہے۔ اس پروگرام سے فی پروجیکٹ $5 ملین تک دستیاب بنائے جائیں گے کہ جو پروگرام 2025 تک مکمل اور فعال ہونے کے لیے مجوزہ اہل پروجیکٹس ہیں۔ آج کا اعلان موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اہداف کو آگے بڑھانے میں مدد کرتا ہے تاکہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد تک کم کیا جا سکے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، جس میں کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے ہو، مختص کی جائیں۔

"اس نئے اقدام کے ذریعے، ہم نیو یارک کی معیشت کے تجارتی اور صنعتی شعبوں کو اہم ترغیبات فراہم کر رہے ہیں کہ وہ ایسے منصوبوں پر عمل درآمد کریں جو ان کے کاربن فٹ پرنٹس کو کم کرتے ہوں اور ہمارے آب و ہوا کے اہداف کو پورا کرنے میں مدد کرتے ہوں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مجھے ان کمپنیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد سے خوشی ہو رہی ہے جو مزید لچکدار کمیونٹیز بنانے میں ہمارے کام کو آگے بڑھانے کے طریقے تلاش کر رہی ہیں بطورِ خاص ایسی کمیونٹیز جو تاریخی طور پر پیچھے رہ گئی تھیں جبکہ ہم اپنی پھیلتی ہوئی سرسبز معیشت کے حصے کے طور پر نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے صحت اور معاش کے بامقصد فوائد پیش کرتے رہتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی صدر اور CEO Doreen Harris نے کہا، "اس نئے پروگرام کا آغاز NYSERDA کے عزم کو ظاہر کرتا ہے کہ ایسی شراکت داریوں میں سرمایہ کاری کی جائے جو نیو یارک کے توانائی کے سب سے بڑے صارفین کو صاف ستھرا اور زیادہ مؤثر بنانے میں مدد کرتی ہیں۔ توانائی کے مؤثر استعمال اور ان کارروائیوں سے سائٹ پر ہونے والے اخراج کو کم کرنے کے عزائم سے ہماری کمیونٹیز میں آلودگی کم ہو گی، ایک صحت مند، زیادہ پائیدار مستقبل کے لیے راہ ہموار کی جائے گی اور توانائی کے دیگر بڑے صارفین کے لیے موسمیاتی کارروائی کی ایک مثال کے طور پر کام کیا جائے گا۔"

یہ پروگرام اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ جن شعبوں کو کاربن سے پاک کرنا مشکل ہے اور جن شعبوں میں بھاری توانائی استعمال کی جاتی ہے، ان کے آپریشنز سے اخراجوں کو کم کیا جائے اور کام کرنے والی کمیونٹیز میں نقصان دہ مشترکہ آلودگیاں ختم کی جائیں۔ ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA) کی اسکورنگ کے معیار میں مخصوص پسماندہ کمیونٹیز میں ہونے والی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کو ترجیح دی جاتی ہے اور ایسی کمیونٹیز میں فوائد فراہم کیے جاتے ہیں۔

یہ پروگرام اہم مینوفیکچرنگ صنعتوں اور کمرشل کیمپس والے ماحولوں کے لیے کھولا گیا ہے جیسے کہ: کاغذ؛ پٹرولیم؛ بنیادی دھاتیں؛ غیر دھاتی معدنیات؛ کیمیکلز؛ خوراک؛ مصنوعی دھاتی مصنوعات؛ نقل و حمل کا سامان؛ کمپیوٹرز اور الیکٹرانکس؛ کالج اور یونیورسٹی کیمپسز؛ اور نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کے کیمپسز۔ معاونتی آپریشنز جیسے ویئر ہاؤسز اور تقسیم کی جگہیں، کان کنی اور اخراج کے علاوہ پانی اور گندے پانی کے آپریشنز بھی اس پروگرام کے اہل ہیں۔ اہلیت کے مزید تقاضوں کے لیے، براہ کرم NYSERDA کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

مرکزی نیو یارک کی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے صدر Randy Wolken نے کہا، "نئے جاری کردہ اس NYSERDA پروگرام، تجارتی اور صنعتی تیز رفتار کارکردگی والے پروگرام سے، تنظیموں کو ایسے وسائل فراہم کیے جائیں گے جو ریاست نیو یارک کے توانائی کے اہداف کو پورا کرنے میں مدد دیں گے۔ یہ پروگرام مالیاتی پہلو میں موجود خطرات کو نمایاں طور پر کم کرتا ہے۔ NYSERDA کے دوسرے پروگراموں کے ساتھ مربوط کرتے ہوئے، اس پروگرام کے ذریعے کمپنیاں اپنے اندرونی وسائل کو طویل مدت کے لیے بڑھا سکتی ہیں۔ ان پروگراموں کی ترقی میں مدد کے لیے R&D وسائل کے ساتھ، NYSERDA کی کامیابی کی ایک طویل تاریخ موجود ہے۔ MACNY ہمارے اراکین اور کمیونٹی شراکت داروں کو ترغیب دیتا ہے کہ ان پروگراموں کے بارے میں مزید معلوم کیا جائے اور اس موقع سے فائدہ اٹھایا جائے۔"

یہ پروگرام تجارتی عمارتوں کے ان مالکان کے لیے دستیاب ہے جن کے توانائی کے اخراجات کم از کم 1$ ملین سالانہ ہیں اور ایسی صنعتی کمپنیوں کے لیے بھی جو سالانہ کم از کم 500,000$ توانائی پر خرچ کرتی ہیں۔ مزید برآں، تجویز کنندگان سے درکار ہو گا کہ توانائی کی بچت کے ہدف اور ایسے پروجیکٹس کی نشاندہی کریں جو وہ اس ہدف کو پورا کرنے کے لیے مکمل کریں گے۔ یہ تفویضات 500,000$ سے 5$ ملین تک ہوں گی۔ انتخاب کی بنیاد درجہ بندی کے اسکور پر ہو گی جن میں بھاری تھرمل توانائی کی بچت، اخراجوں کی بچت، لاگت کے مؤثر استعمال، بلند ترین لوڈ میں کمی اور تیز ترین تنصیبات کو ترجیح دی جاتی ہے۔ ان پروجیکٹ سے درکار ہو گا کہ تجارتی طور پر دستیاب ٹیکنالوجی استعمال کریں اور دو سال کی مدت کے اندر اس کی تنصیب کروا لیں۔

اہلیت والے اقدامات کی مثالوں میں یہ شامل ہیں:
- توانائی کی استعداد میں بہتریاں لانا
- استعداد میں بہتریاں لانے کی کارروائی کرنا
- توانائی/ حرارت کی بحالی
- گراؤنڈ سورس اور ایئر سورس ہیٹ پمپس
- حرارتی لوڈز کی برق کاری
- توانائی کے انتظام کے نظام اور کنٹرولز
- عمل کاریوں اور دیکھ بھال میں بہتریاں لانا

درخواستیں 31 اگست 2023 کو سہ پہر 3:00 بجے تک جمع کروائی جا سکتی ہیں۔ اس پروگرام کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

اس اقدام کے لیے فنڈنگ ریاست کے 10 سالہ، 6$ بلین والے Clean Energy Fund کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔ اس فنڈنگ کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ ملک کے کچھ انتہائی جارحانہ موسمیاتی اور صاف توانائی کی پہل کاریوں کی رہنمائی میں، نیویارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر کے اخراج والے بجلی کے شعبے کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے، جس میں سنہ 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت میں کاربن سے چھٹکارا شامل ہے۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 120 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 35$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 1$ بلین سے زائد، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹر شدہ اور 100 سندیافتہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف ستھری توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام کے ساتھ نیویارک کی ماحولیاتی کارروائی کو آگے بڑھانے کے لیے شراکت داریاں جاری ہیں تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں